കേരള സർക്കാർ

URDU VIII

اردو

آٹھویں جماعت

Let's pave the way for learning and move forward...

SCERT KERALA

എസ് സി ഇ ആർ ടി കേരളം

പ്രിയമുള്ളവരെ,

അക്കാദമിക രംഗത്ത് നാം മികച്ച മുന്നേറ്റമാണ് നടത്തിക്കൊണ്ടിരിക്കുന്നത്. കോവിഡ് മഹാമാരി സൃഷ്ടിച്ച പ്രതിസന്ധികൾ മറികടക്കുന്നതിന് സർക്കാരും വിദ്യാഭ്യാസ വകുപ്പും പരമാവധി ശ്രമിച്ചുകൊണ്ടിരിക്കുകയാണ്.

2022 - 23 അധ്യയന വർഷത്തെ ഒന്നാം പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണയ വിശകലനത്തിൽ നിന്നും നമ്മുടെ കുട്ടികൾക്ക് ഏതാനും മേഖലകളിൽ പഠനവിടവ് അനുഭവപ്പെടുന്നതായി ശ്രദ്ധയിൽപ്പെട്ടിട്ടുണ്ട്. ഇത്തരം പഠനവിടവുകൾ പരിഹരിക്കുന്നതിനായി എസ്.സി.ഇ.ആർ.ടി.യുടെ ആഭിമുഖ്യത്തിൽ വിവിധ ഭാഷാ വിഷയങ്ങളിൽ ബ്രിഡ്ജ് മെറ്റീരിയലുകൾ തയ്യാറാക്കിയിട്ടുണ്ട്.

ഓരോ വിഷയങ്ങളിലും തയ്യാറാക്കിയ ബ്രിഡ്ജ് മെറ്റീരിയലുകൾ ക്ലാസ്റൂം പഠന പ്രവർത്തനവുമായി സമന്വയിപ്പിച്ച് നൽകുന്നതിലൂടെ കുട്ടികൾക്കുണ്ടായ പഠന വിടവുകൾ പരിഹരിക്കുന്നതിന് അനുയോജ്യമാകും എന്ന് പ്രതീക്ഷിക്കുന്നു.

സ്നേഹപൂർവ്വം ,
ഡോ. ജയപ്രകാശ് ആർ.കെ
ഡയറക്ടർ
എസ്. സി. ഇ. ആർ. ടി. കേരള

1

Bridge Material
Class VIII

Urdu

بچّو، دیکھیے۔



یہ ایک خوب صورت پارک ہے۔

ہرے بھرے پیڑ پودے ہیں۔

رنگ برنگے پھول ہیں۔

پھولوں پر خوب صورت تتلیاں اڑ رہی ہیں۔

پیڑ پودوں پر چہکتی چڑیاں ہیں۔

پارک کے سامنے بڑی بڑی عمارتیں ہیں۔

اس کے پیچھے ایک بہتی ہوئی ندی ہے۔

بچّوں کو کھیلنے کے لیے جھولے اور پھسل گنڈیاں ہیں۔ پارک کا نظارہ بہت دلکش ہے!

نیچے کی تصویر غور سے دیکھیے

- یہ کس کی تصویر ہے؟
- گاؤں کیسا ہے؟
- کسان کیا کر رہا ہے؟
- کھیت میں اور کیا کیا ہیں؟
- کھیت کے کنارے کیا کیا ہیں؟

بچّو، ان سوالوں کی مدد سے ’گاؤں‘ کے بارے میں ایک بیانیہ تیار کیجیے۔

....

....

....

....

....

2

Bridge Material
Class VIII

Urdu

یہ ایک خوب صورت ندی ہے۔اس کا پانی صاف ستھرا ہے۔پانی خدا کی انمول نعمت ہے۔

دنیا کے سارے جانور اور پرندے پانی پیتے ہیں۔پیڑ پودوں کو پانی کی ضرورت ہے۔

کھیتی باڑی کے لیے ہم پانی استعمال کرتے ہیں۔پانی نہیں تو جانور اور پرندے زندہ نہیں رہ سکتے۔

آج کل ندی نالوں کا پانی گندہ ہو رہا ہے۔لوگ ندی میں کوڑے کچرے ڈالتے ہیں۔

گاڑیاں صاف کرتے ہیں۔

بچّو،ندی نالوں کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔پانی کی حفاظت کے لیے آپ کے گاؤں یا شہر میں ایک جلوس ہے۔اس کے لیے چند نعرے تیار کیجیے۔

ندی کا پانی صاف ستھرا رکھیے۔	....
....	....
....	....

3

Bridge Material
Class VIII

Urdu

پارک میں بچے خوشی خوشی بوڑھے سے باتیں کرنے لگے۔

سلمی: آپ کون ہیں؟ یہاں کیوں بیٹھتے ہیں؟

گوپال: میرا نام گوپال ہے۔ میں اکیلا ہوں۔

سلمی: کیا آپ کے گھر میں کوئی نہیں ہے؟

گوپال: میرے گھر والے ملیشیا میں ہے بیٹی۔

اس لیے میں اکیلا ہوں۔

سلمی: کیا آپ کے گھر میں اور کوئی نہیں ہے؟

گوپال: نہیں بیٹی۔ سب پردیس میں ہے۔

شام کو سلمی گھر پہنچی۔ گوپال کی یاد میں وہ مایوس تھی۔

سلمی دادا جان کے پاس گئی اور پوچھنے لگی:

سلمی: آپ کیسے ہیں؟

دادا جان:...

سلمی:...

دادا جان:...

سلمی:...

دادا جان:...

سلمی:...

4

Bridge Material
Class VIII

Urdu

اشعار ترنّم کے ساتھ گائیے۔

محبوب زمانہ ہے مرغوب زمانہ ہے
بچپن کا زمانہ بھی کیا خوب زمانہ ہے

آزاد ہے فکروں سے غم پاس نہیں آتا
ہے عمر کا حصّہ یہ خوشیوں میں گزر جاتا

* ان اشعار کا شاعر کون ہے؟
* ان میں شاعر کس زمانے کے بارے میں بیان کرتے ہیں؟
* بچپن کا زمانہ کیسا ہے؟
* بچپن میں کوئی غم پاس نہیں آتا ہے۔ کیوں؟
* بچپن کا زمانہ فکروں سے آزاد ہے۔ کیوں؟

ان اشعار کی روشنی میں بچپن کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

....

....

....

....

....

5

Bridge Material
Class VIII

Urdu

دعائیہ نظم   کے اشعار ترنم کے ساتھ پڑھیے۔

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

مرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اس رہ پہ چلانا مجھ کو

۱۔ ان اشعار کا شاعر کون ہے؟ ....

۲۔ اس میں بچّہ کس سے دعا کرتا ہے؟ ....

۳۔ زندگی کس کی صورت بننے کے لیے بچّہ دعا کرتا ہے؟ ....

۴۔ بچّہ کس شمع سے محبت کرتا ہے؟ ....

۵۔ بچہ کس کی حمایت کرنا چاہتا ہے؟ ....

۶۔ بچہ کن کو محبت کرنا چاہتا ہے؟ ....

۷۔ بچہ خدا سے کیوں دعا کرتا ہے؟ ....

بچّو، ان سوالوں کی روشنی میں ان اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

....

....

....

....

6

Bridge Material
Class VIII

Urdu

’ہم کتنے غریب ہیں‘ یہ اشوک پورم گاؤں کی کہانی ہے۔

مدن لال اس کہانی کا اہم کردار ہے۔وہ آنند کے ابّا جان ہے۔وہ اپنے بیٹے آنند کو اپنی دولت مندی کے بارے میں سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔اس کے لیے اپنے بیٹے سے خود اپنی تعریف سننا چاہتا ہے۔

اس کے لیے وہ اپنے بیٹے کو اشوک پورم گاؤں لے جاتا ہے۔اشوک پورم ایک خوب صورت گاؤں تھا۔ وہاں غریب اور مزدور لوگ رہتے تھے۔یہ خوب صورت گاؤں دیکھ کر آنند کو اشوک پورم گاؤں پسند آیا۔

بچوّ، اوپر دیے ہوئے مدن لال کا کرداری نوٹ غور سے پڑھیے۔

* آنند کس کا بیٹا ہے؟
* آنند کے ابّا جان کون ہے؟
* آنند کے ابّا جان اس کو اشوک پورم کیوں لے گیا؟
* اشوک پورم گاؤں دیکھ کر آنند کو کیسا لگا؟

ان سوالوں کی روشنی میں کہانی کا دوسرا کردار آنند کے بارے میں ایک کرداری نوٹ تیار کیجیے۔

....

....

....

....

....

یومِ مطالعہ

(پی۔این۔پنکّر کی یاد میں)

۱۹/جون ۲۰۲۲ء چار بجے

آزاد کتب خانہ، کالی کٹ

افتتاح: رما دیوی (صدرِ پنچایت)

صدارت: رینہ ٹیچر (وارڈ ممبر)



آپ سب کا خیر مقدم ہے!

پوسٹر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ یہ کس پروگرام کا پوسٹر ہے؟

....

۲۔ یہ پروگرام کب منعقد کرتا ہے؟

....

۳۔ یہ کہاں منعقد کرتا ہے؟

....

۴۔ پروگرام کا افتتاح کون کرتا ہے؟

....

۵۔ یومِ مطالعہ کس کی یاد میں منایا جاتا ہے؟

....

8

Bridge Material
Class VIII

Urdu

یہ ایک تصویری کہانی ہے۔ غور سے دیکھیے۔



* تالاب کے کنارے کیا تھا؟ * پیڑ پر کیا تھا؟
* گھونسلے پر کون کون رہتے تھے؟



* کوّے ہر دن کہاں جاتا تھا؟ * وہ ہر روز کیوں باہر جاتا تھا؟
* ہر دن باہر جاتے وقت بچوں سے کیا کہتا تھا؟
* کوّے کی بات سن کر بچوں نے کیا سوچا؟



* بچوں کو باہر جانتے ہوئے دیکھ کر تالاب میں کون آیا؟
* بطخ نے بچوں سے کیا کہا؟
* بچوں نے بطخ کو کیا جواب دیا؟
* ایک بچے کو کیا ہوا؟

* دوڑتے آئے ہوئے کوّے نے کیا دیکھا؟
* کوّے نے کس کو شکریہ ادا کیا؟
* یہ دیکھ کر بطخ نے کیا کیا؟

سوالات غور سے پڑھیے۔ان سوالوں کی روشنی میں کوّا اور بطخ کی کہانی تیار کیجیے۔

....

....

....

....

....

9

Bridge Material
Class VIII

Urdu

یہ تاج محل ہے۔
ممتاز محل کی یاد میں شاہ جہاں نے تاج محل بنایا تھا۔
یہ تاج محل آگرہ کے جمنا ندی کے کنارے واقع ہے۔
یہ سنگ مرمر سے بنایا گیا ہے۔یہ ہندوستان کی ایک تاریخی عمارت ہے۔تاج محل دنیا کے سات عجائبات میں ایک ہے۔

یہ عبارت غور سے پڑھیے۔ان سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ یہ کس کی تصویر ہے؟ ....
۲۔ تاج محل کس نے بنایا ہے؟ ....
۳۔ یہ کہاں واقع ہے؟ ....
۴۔ تاج محل کس کی یاد میں بنایا گیا ہے؟ ....
۵۔ یہ کیسی عمارت ہے؟ ....

یہ لال قلعہ ہے۔یہ مغلیہ سلطنت کی یادگار ہے۔لال قلعہ بادشاہ شاہ جہاں نے بنایا ہے۔یہ لال پتھر سے بنایا گیا ہے۔لال قلعہ کی دو عمارتیں ہیں۔ایک دیوانِ عام اور دوسری دیونِ خاص۔لال قلعہ دلّی میں واقع ہے۔آگست ۱۵ کے دن وزیرِاعظم لال قلعہ میں ہمارا قومی جھنڈا لہراتے ہیں۔

بچوّ، عبارت غور سے پڑھیے اور اشارے کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔[اشارے: کیا، کون، کہاں، کب، کیسا، کیوں]

۱۔..
۲۔..
۳۔..
۴۔..

Bridge Material
Class VIII

یہ مچھلی منڈی ہے۔
یہاں مختلف مچھلیاں ملتی ہیں۔
مچھلی خریدنے کے لیے یہاں لوگ آتے جاتے ہیں۔
منڈی میں تارلی، بانگڑا، جھینگا وغیرہ مچھلیاں ملتی ہیں۔
یہاں تازہ تازہ مچھلیاں ملتی ہیں۔
مچھلی منڈی میں لوگوں کی بہت بھیڑ ہوتی ہے۔

بچوّ، یہ تصویر غور سے دیکھیے۔

* یہ کس کی تصویر ہے؟
* یہاں لوگ کیوں آتے جاتے ہیں؟
* سبزی منڈی میں کیا کیا سبزیاں ملتے ہیں؟
* یہاں کیسی ترکاریاں ملتے ہیں؟

بچوّ، ان سوالوں کے جواب لکھیے۔ اس کی روشنی میں سبزی منڈی کے بارے میں ایک نوٹ لکھیے۔

....

....

....

....

....

11

Bridge Material
Class VIII

Urdu



اردو ایک اچھی زبان ہے۔ میٹھی اور سریلی زبان ہے۔اردو پوری دنیا میں بولی جاتی ہے-اردو ہندوستان کی زبان ہے۔یہ مغلیہ سلطنت کے زمانے میں پیدا ہوئے۔یہ زبان عربی، فارسی اور ہندوستانی زبانوں کی میل جول سے پیدا ہوئی ہے۔اردو غزل، گیت اور فلموں کی زبان ہے۔ڈاکٹر محمد اقبال، مرزا غالب، سر سید، ابوالکلام آزاد، فیض احمد فیض اور علی سردار جعفری وغیرہ اردو کے مشہور شاعر اور ادیب ہیں۔

بچوّ، عبارت غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

۱۔ اردو کیسی زبان ہے؟

....

۲۔ اردو کہاں پیدا ہوئی ہے؟

....

۳۔ اردو کے مشہور ادیب اور شاعر کون کون ہیں؟

....

۴۔ غزل اور فلموں کی زبان کیا ہے؟

....

۵۔ اردو کن کن زبانوں کے میل جول سے پیدا ہوئی ہے؟

....

12

Bridge Material
Class VIII

Urdu

شنکر ایک محنتی کسان ہے۔ وہ دن رات کھیت میں محنت کرتا ہے۔ مختلف اناج اور ترکاریاں اگاتے ہیں۔

اس کے کھیت میں مرد اور عورت کام کرتے ہیں۔ کھیتی باڑی کرنا اس کا پسندیدہ کام ہے۔

ان کو سرکاری طرف سے کرشکا شری ایوارڈ ملا ہے۔

بچّو، کسان شنکر کو انٹرویو کرنے کے لیے اخبار والے آئے اور پوچھنے لگے۔

* آپ کا نام کیا ہے؟
* آپ کھیت میں کتنے سال سے کام کرتے ہیں؟
* آپ کے ساتھ کون کون کام کرتے ہیں؟
* آپ کھیت میں کیا کیا اگاتے ہیں؟
* آپ کھیتی باڑی کا کام کیوں پسند کرتے ہیں؟

بچّو، آپ کے گاؤں میں ایک اچھا کھلاڑی ہے۔ اگر آپ ان سے ملے تو کیا کیا سوالات کریں گے؟

انٹرویو کے سوالات تیار کیجیے۔

۱۔ ....

۲۔ ....

۳۔ ....

۴۔ ....

۵۔ ....